پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا
RESERVE BANK OF INDIA
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 0502 222266 91 فیکس: 22660358 22 91

۲۴؍جنوری ۲۰۱۴ء

# ۲۰۰۵ سے پہلے کے جاری بینک نوٹوں کی واپسی ۔ ریزروبینک کی وضاحت

ہماری مورخہ ۲۲؍جنوری ۲۰۱۴ء کی مندرجہ بالا مضمون پر جاری پریس ریلیز اور اس کے جواب میں اٹھائے گئے سوالات پر ریزروبینک آف انڈیا وضاحت کرتی ہے کہ ۲۰۰۵ء سے پہلے کے جاری بینک نوٹوں کی واپسی اور بازار سے ان بینک نوٹوں کو ہٹانے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ ان میں سیکوریٹی فیچرس ۲۰۰۵ء کے بعد چھاپے گئے بینک نوٹوں میں پائے جانے والے سیکوریٹی فیچرس کے مقابلہ بہت کم ہیں۔ یہ بین لاقوامی پریکٹس ہے کہ پرانی سیریز کے نوٹوں کو واپس لے لیا جائے۔

ریزروبینک پہلے سے ہی ان بینک نوٹوں کو بینکوں کے ذریعہ بازار سے واپس روٹین طریقہ سے لے رہا ہے۔ ریزروبینک کے اپنے نظریہ سے ۲۰۰۵ء پہلے کے چھپے ہوئے بینک نوٹوں کی خاصی مقدار ابھی بھی بازار میں چل رہی ہے اور اس طرح سے عام پبلک میں اس کا کوئی خاص اثر نہیں پڑ رہا ہے۔

لہٰذا یہ صلاح دی جاتی ہے کہ عوام اپنی آسانی کے حساب سے بینک برانچوں میں ایسے نوٹوں کی تبدیلی کا عمل شروع کر دیں۔ مزید یہ کہ یکم رجولائی ۲۰۱۴ء یا اس کے بعد عوام ایسے پرانی سیریز کے بینک نوٹوں کو ایسی بینک برانچوں میں جہاں ان کے اکاؤنٹ ہیں کتنی ہی تعداد میں نوٹ تبدیل کر سکتے ہیں۔

آر بی آئی آپ کو یقین دلاتی ہے کہ وہ اس پر لگاتار اپنی نگاہ رکھے گی اور پرانی سیریز کے نوٹوں کی واپسی کے طریقۂ کار پر نظر ثانی بھی کرتی رہے گی تا کہ عوام کو کسی بھی طرح سے پریشانی نہ ہو۔

مندرجہ بالا کے علاوہ ریزروبینک پھر اعادہ کرتی ہے کہ ۲۰۰۵ء سے پہلے کے چھپے ہوئے بینک نوٹ قانونی ٹنڈر رہنے رہیں گے۔

**الپنا کلّا والا**
پرنسپل چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز 2013-2014/1491